## حیدرآباد کی جغرافیائی حدود کی تبدیلی کا نوٹیفیکیشن واپس لیا جائے، رابطہ کمیٹی
## ایم کیو ایم حیدرآباد کے عوام کی خواہشات کے خلاف کسی بھی فیصلے کو قبول نہیں کرے گی

کراچی۔۔۔7، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حکومت سندھ کی جانب سے حیدرآباد کی تین یونین کونسل کو علیحدہ کرکے ضلع ٹنڈو محمد خان میں شامل کرنے کے نوٹیفیکیشن کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم ،حکومت کی اتحادی جماعت ہے اور ایم کیو ایم ،حیدرآباد سمیت سندھ کے عوام کا واضح مینڈیٹ رکھتی ہے لیکن اس کے باوجود حیدرآباد کے عوام اوران کی نمائندہ جماعت کی مرضی کے خلاف شہر کی جغرافیائی حدود کی تبدیلی کا نوٹیفیکیشن جاری کیا گیا ہے جو کہ قابل مذمت ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حیدرآباد کی جغرافیائی تبدیلی سے شہر کے عوام میں گہری تشویش پائی جاتی ہے اور ایم کیو ایم ،حیدرآباد کے عوام کی خواہشات کے خلاف کسی بھی فیصلے کو ہرگز قبول نہیں کرے گی۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ حیدرآباد کی جغرافیائی حدود کی تبدیلی کا نوٹیفیکیشن فی الفور واپس لیا جائے،حیدرآباد کے عوام میں بے چینی پھیلانے کے ذمہ دار عناصر سے سخت باز پرس کی جائے اوراہم فیصلوں میں ایم کیو ایم جیسی اتحادی جماعت کو نظر انداز کرنے کا سلسلہ بند کرایا۔

## شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کی افتتاحی تقریب چند روز کیلئے مؤخر
## افتتاحی تقریب کی نئی تاریخ کا اعلان جلد کردیا جائے گا

کراچی۔۔۔7/جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کی افتتاحی تقریب مؤخر کردی گئی۔افتتاحی تقریب کی نئی تاریخ کا اعلان جلد کردیا جائے گا۔واضح رہے کہ شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کی افتتاحی تقریب آج بروز بدھ کو ہونی تھی جو کہ بارش کے باعث ملتوی کردی گئی ہے۔

## چشمہ جہلم لنک کینال کھولنے کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔7 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ارسا کی جانب سے چشمہ جہلم لنک کینال کھولنے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ چشمہ جہلم لنک کینال کے حوالے سے سندھ کے عوام میں پائے جانے والے تحفظات دور کیے جائیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دریائے سندھ میں پانی کی شدید قلت ہے جس کے اثرات سندھ کی زراعت پر مرتب ہورہے ہیں لیکن اس کے باوجود چشمہ جہلم لنک کینال کھول کر سندھ کے عوام میں بے چینی پیدا کی جارہی ہے جو کہ قابل تشویش ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سندھ کے عوام پہلے ہی ناانصافیوں اور محرومیوں کا شکار ہیں ان حالات میں سندھ کو اس کی ضرورت کے مطابق پانی نہ دینے کا عمل قومی یکجہتی کے فروغ کیلئے ہرگز سودمند ثابت نہیں ہوسکتا۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری،وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ چشمہ جہلم لنک کینال کھولنے کا فوری نوٹس لیا جائے اور سندھ کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی کے خاتمے کیلئے مثبت اقدامات کیے جائیں۔

## ملک کے مختلف حصوں میں خواتین پر تشدد اور غیر انسانی سلوک کے واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ڈاکٹر ندیم احسان
## کورنگی میں جعلی عامل کے ہاتھوں لڑکی کا چہرہ جھلسنے اور سرگودھا میں بیٹی جنم دینے پر بیوی کو زندہ جلانے کے واقعات پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔7، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی اور سینیٹ کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے صحت کے چیئرمین ڈاکٹر ندیم احسان نے ملک کے مختلف حصوں میں خواتین پر تشدد اور غیر انسانی سلوک کے وقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے شہر سرگودھا میں شوہر کی جانب سے بیٹی جنم دینے پر بیوی کو زندہ جلانے اور کراچی کے علاقے کورنگی میں جعلی عامل کی جانب سے لڑکی کا چہرہ جھلسانے کے واقعہ انسانیت پر یقین رکھنے والے حلقوں کیلئے باعث تشویش ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے سبب آج بھی لوگ فرسودہ روایت پر نہ صرف رکھتے ہیں بلکہ ان پر عمل بھی کررہے ہیں اور ملک سے فرسودہ نظام کے

خاتمے تک خواتین کے بنیادی حقوق کا تحفظ ممکن نہیں ہے۔ ڈاکٹر ندیم احسان نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ کورنگی کے علاقے میں جعلی عامل کے ہاتھوں لڑکی کا چہرہ جھلسنے اور سرگودھا میں بیٹی جنم دینے پر بیوی زندہ جلانے کے واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث عناصر کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے اور خواتین کے بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

## متحدہ قومی موومنٹ چاہتی ہے کہ ملک بھر کے غریب و متوسط طبقہ کے عوام متحد ہوکر اپنی صفوں سے تعلیم یافتہ اور ایماندار قیادت منتخب کریں تاکہ ملک میں غریب و متوسط طبقہ کی حکمرانی کا انقلاب لایا جاسکے

لاہور۔۔۔6، جولائی، 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ رکن رابطہ کمیٹی افتخار اکبر رندھاوا نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کے باعث غریب و متوسط طبقہ کے عوام کیلئے روزمرہ استعمال کی اشیاء کا حصول ناممکن ہو چکا ہے۔ ایک جانب ملک بھر کے عوام طویل دورانئے کی لوڈ شیڈنگ کا عذاب جھیل رہے ہیں جبکہ دوسری جانب بجلی کے نرخوں میں اضافہ کرکے پوری قوم کے ساتھ مذاق اڑایا جارہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ غربت، مہنگائی اور بے روزگاری کے باعث غریب عوام نہ صرف اپنے بچے فروخت کرنے پر مجبور ہیں بلکہ خودکشی بھی کررہے ہیں جو کہ ارباب اقتدار اور اختیار کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ملک میں غربت، مہنگائی اور بے روزگاری کی بنیادی وجہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے جس کے تحت الیکشن میں حصہ لیکر اقتدار کے ایوانوں تک پہنچنے والے عوامی نمائندے، ملک و قوم کی خدمت کرنے اور غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے بنیادی مسائل حل کرنے کے بجائے پلاٹ پرمٹ، بنکوں سے قرضے لیکر معاف کرانے کی سیاست کررہے ہیں اور عوام کی مشکلات میں اضافہ کا سبب بن رہے ہیں۔ لہٰذا جب تک ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوگا اور ملک میں غریب و متوسط طبقہ کی حکمرانی قائم نہیں ہوگی، اس وقت تک ملک بھر کے عوام کے بنیادی مسائل حل نہیں ہوسکتے۔ آپ اس حقیقت سے بھی واقف ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب و متوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست کے خاتمہ کیلئے جمہوری جدوجہد کررہی ہے۔ ایم کیو ایم چاہتی ہے کہ ملک بھر کے غریب و متوسط طبقہ کے عوام متحد ہوکر اپنی صفوں سے تعلیم یافتہ اور ایماندار قیادت منتخب کریں تاکہ ملک میں غریب و متوسط طبقہ کی حکمرانی کا انقلاب لایا جاسکے۔

عوام کے اجتماعی مفادات کیلئے اجتماعی جدوجہد کی جانی چاہئے اور اس مقصد کیلئے ملک بھر کی سیاسی جماعتوں اور سماجی تنظیموں کو متحد ہوکر پاکستان کے 98 فیصد غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کیلئے آواز اٹھانی چاہئے تاکہ ان کی آواز اقتدار کے ایوانوں میں پوری شدت کے ساتھ پہنچ سکے اور عوام کے بنیادی مسائل کا ٹھوس حل سامنے آسکے۔ اس مقصد کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے تحت مورخہ 9، جولائی 2010ء کو ''مہنگائی اور عوام کی مشکلات'' کے عنوان سے ایک سیمینار منعقد کیا جارہا ہے جس سے قائد تحریک جناب الطاف حسین لندن سے براہ راست ٹیلی فونک خطاب فرمائیں گے۔ یہ سیمینار آرٹس کونسل لاہور کے ہال نمبر 2 میں منعقد ہوگا اور ایم کیو ایم کی جانب سے سیاسی و سماجی رہنماؤں، دانشوروں، کالم نگاروں اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے عمائدین کو سیمینار میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے تاکہ عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے سر جوڑ کر بیٹھا جاسکے اور عوام کو مشکلات کی دلدل سے نکالنے کیلئے مشترکہ لائحہ عمل تیار کیا جاسکے۔ ہمیں یقین ہے کہ عوام کا درد رکھنے والے محبّ وطن سیاسی و سماجی رہنما اور دانشور اس سیمینار میں بھرپور شرکت کریں گے اور انشاء اللہ یہ نیک کاوش پاکستان کے غریب و مظلوم عوام کے مسائل کے حل کیلئے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔

اس موقع پر رکن رابطہ کمیٹی سیف یار خان، لاہور زونل انچارج سید شاہین انور گیلانی، جوائنٹ انچارج پروین اختر اور متحدہ لائرز فورم کے انچارج مبین الدین قاضی ایڈوکیٹ موجود تھے۔

☆☆☆☆☆